نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729 E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ بھر میں دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے پر محکمہ زراعت پنجاب کی کاروائیاں جاری

دھان کے کاشتکار کٹائی کے بعد مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور **16 نومبر 2021**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے پر محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں کاروائیاں کر رہی ہیں اور اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ کو مزید قانونی کاروائی کے لئے رپورٹ کی جا رہی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ صوبہ بھر میں اب تک 1 ہزار 8 سو فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں اور اس ضمن میں ایسا کرنے والوں کے خلاف اب تک 795 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے اور ضلعی انتظامیہ نے اب تک ان افراد کو 35 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔صوبہ بھر میں دھان کی باقیات کی جدید مشینری کے ذریعے تلفی کے لئے اب تک 1 ہزار 33 کبوٹا رائس ہارویسٹرز دھان کے کاشتکاروں کو 80 فیصد سبسڈی پر فراہم کئے گئے ہیں جن کی مدد سے آگ لگائے بغیر دھان کے مڈھوں کی تلفی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ترجمان نے بتایا کہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے نہ صرف زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے بلکہ اس سے اٹھنے والا دھواں ٹریفک حادثات اور انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بھی بنتا ہے۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے نہ صرف زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے اس لئے کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے کی بجائے زمین میں ملا کر زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار روٹا ویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگا دیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ امسال محکمہ زراعت کی ٹیمیں دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے کے لئے مانیٹرنگ کر رہی ہیں اور دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے کی صورت میں متعلقہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔دھان کے کاشتکاروں کو اپیل کی جاتی ہے کہ اس سلسلے میں محکمہ سے مکمل تعاون کریں کیونکہ سموگ کی وجہ سے انسانی زندگیوں پر براہ راست منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں لہٰذا عوامی مفاد اور اپنے بچوں کے مستقبل کے پیش نظر کاشتکار دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں تاکہ ہمارا ماحول فضائی آلودگی سے بچا رہے۔

☆☆☆☆